PDMA

Provincial Disaster Management Authority

Sector B-2 Phase-BV Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa

Phone: (091) 9213959, Fax: (091) 9214025

www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس **مورخہ: 10 جولائی 2026**

موسمی انتباہ (الرٹ)

پریس ریلیز

پی ڈی ایم اے کا 11 اور 12 جولائی کو خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیش گوئی پر الرٹ جاری، ضلعی انتظامیہ کو پیشگی اقدامات کی ہدایت

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے پیش نظر 11 اور 12 جولائی کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارش، تیز ہواؤں، گرج چمک اور چند مقامات پر موسلادھار بارش کے امکان پر الرٹ جاری کر دیا ہے۔ تمام متعلقہ ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں اور دیگر محکموں کو ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق خلیج عرب سے آنے والی مرطوب ہوائیں اور مغربی ہواؤں کا سلسلہ صوبے کے بالائی علاقوں کو متاثر کرے گا، جس کے باعث چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ٹانک اور شمالی و جنوبی وزیرستان میں بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی سے کمزور مکانات، بجلی کے کھمبوں، سولر پینلز، اشتہاری بورڈز اور کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ جبکہ مقامی ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کا امکان ہے۔ سوات، ایبٹ آباد، پشاور، چارسدہ، مردان، صوابی اور نوشہرہ میں اربن فلڈنگ جبکہ ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن کے بعض مقامات پر اچانک سیلاب (فلیش فلڈ) کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، ایمرجنسی ریسپانس ٹیمیں، ریسکیو 1122، بھاری مشینری اور ضروری عملہ مکمل طور پر الرٹ رکھا جائے۔ شاہراہوں کو ہر ممکن صورت میں کھلا رکھا جائے، نکاسی آب کے نظام کو صاف کیا جائے اور لینڈ سلائیڈنگ یا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فوری کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، پہاڑی علاقوں، دریاؤں، ندی نالوں اور سیلابی ریلوں کے قریب جانے سے احتراز کریں اور موسم کی تازہ صورتحال سے باخبر رہیں۔ عوام سے کہا گیا ہے کہ بارش اور گرج چمک کے دوران محفوظ عمارتوں میں رہیں، بجلی کے کھلے تاروں اور کمزور ڈھانچوں سے دور رہیں اور بچوں کو ندی نالوں، برساتی پانی اور کھلے گڑھوں کے قریب نہ جانے دیں۔

کاشتکاروں کو فصلوں کی حفاظت اور بروقت کٹائی، جبکہ مویشی پال حضرات کو جانوروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے متعلقہ اداروں کو ادویات، خوراک، ایندھن اور دیگر ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امدادی کارروائیاں ممکن بنائی جا سکیں۔

ترجمان، پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا